تاہم ان مناقب کی تاریخی افادیت ناقابلِ تردید ہے اور اس حیثیت سے یہ مجموعہ قابلِ قدر اور لائق مطالعہ ہے۔

اسلام کا نظام محاصل: از ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی تقطیع متوسط ضخامت ۴۲۵ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت مجلد پلاسٹک کور بارہ روپے پچاس پیسے پتہ:- مکتبہ چراغِ راہ کراچی۔

کتاب الخراج قاضی ابو یوسف کی مشہور اور متداول کتاب ہے جو انھوں نے خلافت عباسیہ کے عہد میں چیف جسٹس کی حیثیت سے اسلام کے نظام مالی و سیاسی سے متعلق ایک طویل یادداشت کی صورت میں خلیفہ ہارون رشید کو پیش کی تھی۔ زیر تبصرہ کتاب اسی کا ترجمہ ہے زبان بڑی شگفتہ، سلیس اور رواں ہے لیکن فاضل مترجم نے صرف ترجمہ پر اکتفا نہیں کیا بلکہ شروع میں ایک فاضلانہ اور محققانہ مقدمہ لکھا ہے جس میں قاضی ابو یوسف کے مفصل حالات زندگی اور ان کے علمی و فقہی کارناموں کا تذکرہ کرنے کے ساتھ اُن باتوں اور کتابوں کی تردید کی ہے جو موصوف کی طرف غلط منسوب ہو گئی ہیں اور ساتھ ہی کتاب الخراج کے نام سے جو اور کتابیں لکھی گئی ہیں اُن کا بھی ذکر کیا گیا ہے اس کے علاوہ اُس زمانہ کے بغداد اور کوفہ کے (جہاں قاضی ابو یوسف کی تعلیم و تربیت ہوئی) علمی، دینی، سماجی اور اقتصادی حالات پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ مقدمہ کے علاوہ فاضل مترجم نے جابجا مفید اور معلومات افزا حواشی بھی لکھے ہیں۔ پھر چوں کہ موصوف نے عربی نسخہ کی تبویب کا التزام نہیں کیا بلکہ ابواب اور فصول از سرِ نو قائم کئے ہیں اس بنا پر آخر کتاب میں عربی نسخہ کی فصلوں کے عنوانات درج کر دیتے ہیں اور اس کے بعد سکوں، اوزان اور پیمانوں کا اور مضامین کا علی الترتیب اشاریہ ہے۔ غرض کہ کتاب ترجمہ بھی ہے اور تحقیق بھی اور دونوں حیثیتوں سے بڑی مفید اور قابلِ قدر ہے۔ جو حضرات اسلام کے اقتصادی اور سیاسی نظام سے دلچسپی رکھتے ہیں انھیں اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔

ترکانِ عثمانی جلد اول: از ڈاکٹر محمد صابر۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۶۰